نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا 50 ہزار ایکڑ قابل اصلاح اراضی کو کاشتکاری کے لیے موزوں بنانے کا منصوبہ

کسان پیکیج 17-2016ء کے تحت جاری اس منصوبہ پر 642 ملین روپے لاگت آئے گی

اس منصوبے سے آئندہ سالوں میں 1.2 سے 1.5 بلین روپے کا فائدہ حاصل ہوگا

لاہور 22 جنوری 2017 (   ) محکمہ زراعت پنجاب نے 50 ہزار ایکڑ اراضی کو قابل کاشت بنانے کا منصوبہ شروع کر دیا۔محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان کے مطابق پنجاب میں اس وقت 3.88 ملین ایکڑ رقبہ کاشتکاری کے لیے موزوں ہے ۔اس کی اصلاح کر کے آنے والے دنوں میں بڑھتی ہوئی آبادی کی خوراک کی ضرورت کے لیے قابل کاشت بنایا جاسکتا ہے لہٰذا محکمہ زراعت نے اس رقبہ کو قابل کاشت بنانے کا فیصلہ کیا۔اس منصوبہ سے نہ صرف زرعی رقبہ بڑھے گا بلکہ فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔ کسان پیکیج 17-2016 کے تحت اس منصوبے کے لیے 642 ملین روپے کی رقم مختص کی گئی ہے اور موجودہ مالی سال کے دوران 50 ہزار ایکڑ بنجر زمین کی اصلاح کر کے اسے کاشتکاری کے لیے موزوں بنایا جائے گا۔اس منصوبہ سے مستقبل میں 1.2 بلین سے 1.5 بلین روپے کا فائدہ حاصل ہوگا اور کاشتکاری کے لیے زرعی رقبے میں اضافہ ہوگا جس سے پنجاب کی خوراک کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆